السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

بسم الله الرحمن الرحیم

باذن الله تعالی

Lecture by Ustaza Dr.Farhat Hashmi 📚

📚 Minhajul Qasideen

📚 Lesson # 80

📚 Topic:- Kitab At Tazkiyah (Takabur aur Gharoor ki muzammat)

📚 Duration:- 21:36 Minutes ⏰

📚📆 Monday, 11th September 2017

📚🚏📚🚏📚🚏📚🚏

🚏 *کتاب التزکیہ حصہ دوم*

🚏 *فصل پنجم*

🚏 *تکبر اور غرور کی مذمت*

🚏 غرور اور تکبر بظاہر ایک ہی ہیں لیکن ان میں کچھ فرق ہے اور یہ دونوں ہی بری خصلتیں ہیں

🚏 *مفہوم القرآن*
میں اپنی آیتوں سے عنقریب ان کو پھیر دوں گا جو ناحق زمین میں تکبر کرتے ہیں

🚏 *مفہوم القرآن*
بے شک وہ تکبر کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا

🚏 *مفہوم الحدیث*

آپ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا جس کے دل میں ذرہ برابر بھی تکبر ہو گا وہ جنت میں نہ جائے گا *(مسلم)*

🚏 آپ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا جھنم نے کہا میں متکبر لوگوں کے لیے منتخب ہوئی ہوں *صحیحین*

🚏 آپ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا جابر اور متکبر لوگ قیامت کے دن چیونٹیوں کی صورت میں اکٹھے کیے جائیں گے اور ان کو لوگ پاؤں تلے روندیں گے کیونکہ وہ اللہ کی نگاہ میں ذلیل ہیں

🚏 سفیان بن عینیہ نے کہا جس کا گناہ خواہش نفس سے مغلوبیت کا نتیجہ ہو اس کے لیے توبہ کی امید رکھو

🚏 آدم علیہ السلام نے بھی خواہش نفس کے دباؤ میں آ کر نافرمانی کی تو ان کو بخش دیا گیا لیکن جب نافرمانی تکبر کی وجہ سے ہو تو اس پر لعنت کا خوف ہے ابلیس نے تکبر کی بنا پر نافرمانی کی تو اس پر لعنت برسی

🚏 *مفہوم حدیث*
آپ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا جس نے اپنا کپڑا تکبر سے زمین پر لٹکایا اللہ سبحان و تعالٰی قیامت کے دن اس کی طرف دیکھے گا بھی نہیں تو ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے کہا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم میرے تہمبند کا ایک کنارہ لٹک ہی جاتا ہے جب تک میں اس کا پوری طرح خیال نہ رکھوں تو آپ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا تو ان لوگوں میں سے نہیں ھے جو ایسا تکبر کی بنا پر کرتے ہیں

🚏 تکبر دل کے اندر ھوتا ھے اظہار عمل سے ہوتا جس کا ھے یہ باطنی خلق ھے جس سے کچھ اعمال صادر ھوتے ہیں جو اس کا ثمرہ ہے

🚏 *تکبر*
۔متکبر کی صفت یہ ہے کہ وہ عوام کی طرف جہالت و حقارت سے ایسا دیکھتا ہے جیسے گدھوں کو دیکھتا ھو

🚏 *عجب* ( غرور) یہ کہ خود کو ہی اچھا و اعلی سمجھتے رہنا

🚏 تکبر کی آفت بڑی عظیم ھے اس میں عوام بھی ہلاک ھوتے ہیں اور عالم ، زاہد اور علماء بھی اس سے کم ہی بچتے ہیں

🚏 تکبر جنت کے آگے حجاب ھے کیونکہ وہ بندے اور مومنوں کے اخلاق میں حائل ھو جاتا ہے

🚏 متکبر آدمی طاقت نہیں رکھتا کہ مومنوں کے لیے بھی وہی پسند کرے جو اپنے لئے پسند کرے ۔وہ تواضع پر قادر نہیں ھوتا اور نہ ہی غصے اور غضب کو چھوڑ سکتا ہے اور نہ نصیحت قبول کرتا ہے اور نہ کسی کی بات سنتا ہے اور نہ غیبت سے بچتا ھے

🚏 ایک اخلاقی برائی دوسری برائیوں کا دروازہ کھول دیتی ھے تکبرکی بد ترین قسم وہ ھے جو متکبر کو علم کے استفادے ، قبول حق اور اس کی اطاعت سے روکے

🚏 *مفہوم حدیث*
تکبر یہ ہے کہ حق کو ٹھکرانا اور لوگوں کو حقیر سمجھنا

🚏📚🚏📚🚏📚🚏

🚏 **Kitab At Tazkiyah

🚏 *Fasl e Panjum*

🚏 *Takabur aur gharoor ki muzammat*

🚏 Gharoor o Takabur ba zahir aik he hain lekin in main kuch faraq hai aur yeh dono he buri khaslatein hain.

🚏 *Mafhoom Al Quran*
Main apni ayaton sey un qareeb inko phair don ga jo na haq zameen main takabur kertey hain.

🚏 *Mafhoom Al Quran*
Beshak woh takabur kerney walon ko pasand nahi kerta.

🚏 *Mafhoom Al Hadees*

App ﷺ ney farmaya jis key dil main zarrah barabar bhi takabur hoga woh Jannat main na jayega.
*(Muslim)*

🚏 App ﷺ ney farmaya Jahanum ney kaha main mutakabir logon key liye muntakhib hui hon.
*(Sahiheen)*

🚏 App ﷺ ney farmaya jabir aur Mutakabir log qayamat key din chiyontiyon ki soorat main ikathey kiye jayein gey aur inko log paon taley rondein gey kiun key woh Allah ki nigah main zaleel hain.

🚏 Sufiyan bin Ayeniya ney kaha jis ka gunah khawhish e nafs sey maghlobiyat ka nateeja ho iss key liye tawbah ki umeed rakho.

🚏 Adam عليه السلام ney bhi khawhish e nafs key dabao main aa ker na farmani ki to inko bakhsh diya gaya lekin jab na farmani takabur ki waja sey ho tu iss per la'nat ka khouf hai Iblees ney takabur ki bina per na farmani ki to iss per la'nat barsi.

🚏 *Mafhoom e Hadees*
App ﷺ ney farmaya jis ney apna kapra takabur sey zameen per latkaya Allah SWT qayamat key din iski traf dekhey ga bhi nahi to Abu Bakr Siddique رضى الله عنه ney kaha Aye Allah key Rasool ﷺ merey tehband ka aik kinara latak he jata hai jab tak main is ka puri trah khayal na rakhon to App ﷺ ney farmaya tu in logon main sey nahi hai jo aisa takabur ki bina per kertey hain.

🚏 Takabur dil key ander hota hai izhar amal sey hota hai jis ka hona baatni khalaq hai jis sey kuch amaal saader hotey hain jo iska samrah hai

🚏 *Takabur*
Mutakabir ki sifat yeh hai key woh awaam ki traf jahalat o haqaarat sey aisy dekhta hai jesey

gadhon ko dekhta ho.

🚏 *Ajab (Gharoor)* yeh key khud ko he acha aur awla samjhtey rehna.

🚏 Takabur ki afat bari azeem hai iss mein awaam bhi halak hotey hain aur alim, zahid aur ulama bhi iss sey kam he bachtey hain.

🚏 Takabur Jannat key agey hijab hai kiun key woh bandey aur muminon key ikhlaq main hayel ho jata hai.

🚏 Mutakabir admi taqat nahi rakhta key muminon key liye bhi wohi pasand karey jo apney liye pasand karey. Woh tawaze per qadir nahi hota aur na he gussey aur ghazab ko chor sakta hai aur na nasihat qabool kerta hai aur na kisi ki baat sunta hai aur na gheebat sey bachta hai.

🚏 Aik iklaqi burayi dosri burayion ka darwaza khol deti hai takabur ki bad tareen qisam woh hai jo mutakabir ko ilm key isteyfadey, qabool e haq aur iski ata'at sey rokey.

🚏 *Mafhoom e Hadees*
.Takabur yeh hai key haq ko thukrana aur logon ko haqeer samjhna

🚏📚🚏📚🚏📚🚏📚🚏